پاکستان پوسٹ

دفتر پوسٹماسٹر جنرل سنٹرل پنجاب سرکل، لاہور

ٹینڈر نوٹس سٹیشنری آئیٹمز برائے سال 27-2026

پوسٹماسٹر جنرل سنٹرل پنجاب سرکل لاہور اور راس کے زیر انتظام لاہور پوسٹل ایریا، سیالکوٹ، گوجرانوالہ، فیصل آباد، جھنگ اور ٹوبہ ٹیک سنگھ ہیڈ دفاتر میں آفس سٹیشنری کی سپلائی کے لیے سیلز ٹیکس / انکم ٹیکس رجسٹرڈ فرمز، جو سٹیشنری کی سپلائی کا وسیع تجربہ رکھتی ہوں اور کسی بھی مجاز اتھارٹی سے بلیک لسٹ نہ ہوئی ہوں، سے سٹیشنری سپلائی برائے مالی سال 2026-27 کے لئے سربمہر Single Stage / Single Envelope کی صورت میں پیشکشیں مطلوب ہیں۔ خواہشمند فرمز اپنی پیشکشیں بذریعہ EPADS کی ویب سائٹ www.eprocure.gov.pk پر مورخہ 09.09.2026 کو 09:00 بجے تک اپلوڈ کر سکتی ہیں۔ مزید براں پیش کردہ سربمہر اصل ٹینڈر دستاویزات اسی دن 11:00 بجے کانفرنس روم دفتر پوسٹماسٹر جنرل سنٹرل پنجاب سرکل لاہور میں بولی دہندگان یا ان کے نمائندگان کی موجودگی میں کھولی جائیں گی۔ اپلوڈ کے علاوہ کوئی پیشکش قابل قبول نہ ہوگی۔

1۔ ٹینڈر پیپر اورلز کے تحت دیا جائے گا۔

2۔ خواہشمند فرمز آکاؤنٹس آفیسر بجٹ لاہور سے دفتری اوقات کے دوران مبلغ -/5000 روپے (ناقابل واپسی) جو کسی بھی ڈاک خانہ میں جمع کروائے گئے ہوں، کی رسید ACG-67 کے عوض مجوزہ ٹینڈر فارم حاصل کر سکتی ہیں، کوئی بھی فرم (ACG-67) کی رسید کے بغیر ٹینڈر اپلوڈ نہیں کر سکتی۔ کوئی ٹینڈر فارم مورخہ 08.09.2026 دوپہر 03:00 بجے کے بعد جاری نہیں کیا جائے گا۔

3۔ ٹینڈر کے ریٹس میں تمام **واجب الادا ٹیکس** شامل ہونگے۔

4۔ ریٹس صرف مجوزہ ٹینڈر فارم پر پیش کئے جاسکیں گے۔ **پیش کردہ ریٹس 30 جون 2027** تک موثر ہونگے۔ ٹینڈر کی مدت اتھارٹی تین ماہ تک بڑھا سکتی ہے۔

5 - ٹینڈر فارم کے ساتھ مبلغ -/100,000 لاکھ روپے بطور زرضمانت CDR / Pay Order بنام پوسٹماسٹر جنرل سنٹرل پنجاب سرکل لاہور (قابل واپسی) منسلک کرنا ہوگا۔ بینک ڈرافٹ/چیک قابل قبول نہ ہوگا اور بغیر زرضمانت کوئی پیشکش قابل قبول نہ ہوگی۔

6۔ ہر فرم سیلز ٹیکس / انکم ٹیکس رجسٹریشن سرٹیفکیٹ، Active Income Tax / Sales Tax Certificate اور مالک کے قومی شناختی کارڈ کی مصدقہ نقول و دیگر دستاویزات ٹینڈر کے ساتھ منسلک کریگی بصورت دیگر ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔

7- فرم کی طرف سے مالک یا مقرر کردہ نمائندہ اتھارٹی لیٹر کے ساتھ ٹینڈر میٹنگ میں شریک ہونے کا مجاز ہوگا۔

8- تمام بولی دہندگان ٹینڈر کی شرائط پر متفق اور کسی بھی ادارے سے بلیک لسٹ نہ ہونے کی تحریر 1250 روپے کی مالیت کے سٹامپ پر دینے کے پابند ہوں گے۔

9- کامیاب ویندر (سپلایئر) کو ورک آرڈر جاری ہونے کے پندرہ دن کے اندر سٹیشنری کی سپلائی مکمل کرنا ہوگی۔ مقررہ مدت کے اندر سپلائی مکمل نہ کرنے اور سپلائی مطلوبہ معیار کے مطابق نہ ہونے کی صورت میں فرم کا آرڈر منسوخ کر دیا جائے گا، زرضمانت کی رقم ضبط کر لی جائے گی اور فرم کو پیپرا قوانین کے تحت بلیک لسٹ کر دیا جائے گا۔

10- ٹینڈر میں تجویز کردہ ریٹ کی قبولیت سٹیشنری کے سمپل (Specification) کے مطابق ہونے سے مشروط ہوگی۔

11- مجاز اتھارٹی ٹینڈر کی منظوری سے قبل تمام یا کوئی بھی پیشکش کلی یا جزوی طور پر PPRA-Rules کے مطابق مسترد کر سکتی ہے۔

12- کامیاب بولی دہندہ سامان سٹیشنری مندرجہ بالا دفاتر میں مقررہ وقت پر پہنچانے کا پابند ہوگا اور سامان کی ڈلیوری چارجز متعلقہ فرم کے ذمہ ہوگی۔

نوٹ:۔ کسی بھی قسم کی معلومات کے لئے رابطہ نمبر 042-99210714

ڈپٹی پوسٹماسٹر جنرل (ایڈمن)

دفتر پوسٹماسٹر جنرل سنٹرل پنجاب سرکل لاہور

فون نمبر 042-99210713

CamScanner